## سعودی عرب کے ولی عہد جناب سلطان بن عبدالعزیز کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22،اکتوبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سعودی عرب کے ولی عہد جناب سلطان بن عبدالعزیز کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے سعودی حکومت ،عوام اور مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین)

## ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج محترمہ نسیمہ کے والد منظور احمد کے انتقال پر قائد تحریک الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔22 اکتوبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج محترمہ نسیمہ کے والد منظور احمد کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محترمہ نسیمہ اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ منظور احمد مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین پاکستان کی مرکزی انچارج اور رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ،شعبہ خواتین کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کی ارکان اور ایم کیوایم لاہور زون کے زونل آرگنائزر شاہین انور گیلانی ،لاہور کے ڈسٹرکٹ انچارج اور زونل وڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان نے بھی محترمہ نسیمہ سے انکے والد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور انکے مرحوم والد کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## جاپانی سفیر Mr.HIROSHI OE کی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔22،اکتوبر 2011ء

جاپان کے سفیر Mr. HIROSHI OE نے اپنے ملک کے معاشی ترقی وتعمیرات کے قونصلر Mr. KAORU MAGOSAKI کے ہمراہ جمعہ کی شام متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، کنور خالد یونس،ڈاکٹر صغیر احمد اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی سے ملاقات کی۔دونوں فریقوں کے درمیان نائن زیرو پر ہونیوالی ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں ملک خصوصاً کراچی کی سیاسی،معاشی ،اقتصادی اورامن امان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے جاپانی سفیر کے نائن زیرو کے دورے کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کیا اور کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے جو پاکستان کی ترقی وخوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کررہا ہے تاہم پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کراچی میں پائیدار امن ،سیاسی استحکام اور امن وامان کا قیام بنیادی نقطہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کراچی میں پائیدار امن کے قیام کیلئے کوشاں ہیں اور تمام سیاسی جماعتوں کوساتھ لیکر چلنا چاہتے ہیں۔جاپانی وفد نے کراچی کی معاشی ترقی اور تعمیرات کیلئے میگا پروجیکٹس شروع کرنے خواہش کا اظہار کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کی توجہ سندھ میں حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونے والی جانی ومالی نقصانات کی جانب مبذول کرائی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بارش وسیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں،بھیجی جانے والی امداد اور علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔22اکتوبر،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ A-153 کے کارکن ذوالفقار علی صدیقی کے والد شمس الہدی صدیقی ،لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن اظہر بیگ کی والدہ محترمہ سروری بیگم، پی آئی بی سیکٹر یونٹ کرنال کالونی کے شہید ساتھی محمد سرور کے والد محمد جمیل اور ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 48 کے کارکن عزیز بنجارہ کی ہمشیرہ

محترمہ کلثوم بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## نظریہ کی کوئی سرحد نہیں ہوتی ،نظریہ سرحدوں کی قید سے آزاد ہوتا ہے،سید شاکر علی ،اشفاق منگی ،عامر خان
## پاکستان کی استحصالی قوتیں مسلسل ایم کیوایم کے خاتمہ کیلئے سازشیں کررہی ہیں
## خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں کراچی مضافاتی کمیٹی سچل سیکٹرویونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

کراچی:۔۔۔22اکتوبر،2011ء

ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی سچل سیکٹر، یونٹس کے ذمہ داران اور کارکنان نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شاکر علی ،اشفاق منگی اور ایم کیوایم کے رہنما عامر خان سے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ملاقات کی ۔اس موقع پر انچارج KMOC فرخ اعظم اور رکن محمد علی کلمتی بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے سچل سیکٹر، یونٹس کے ذمہ داران اور کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کی سیاست کو ایک نیا رخ دیا ہے اور پاکستان میں سیاست کو انسانیت کی خدمت سے جوڑ دیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم بلا رنگ ونسل تمام مذاہب ،مکتبہ فکر اور قومتیوں سے بالاتر ہوکر انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کو پھیلنے سے روکنا اب کسی کے بس میں نہیں ہے اور نظریہ کی کوئی سرحد نہیں ہوتی ،نظریہ سرحدوں کی قید سے آزاد ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کی عوام میں جناب الطاف حسین اور ان کا پیش کردہ نظریہ تیزی سے پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پر گزشتہ 64 سالوں سے مسلط 2فی صد مراعات یافتہ طبقہ ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے گزرے دنوں سندھ خصوصاً کراچی اور حیدرآباد میں ہونے والے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ پکا قلعہ،سانحہ سہراب گوٹھ،سانحہ 19 جون 1992 کا ریاستی آپریشن ،جس میں سرکاری مشینریوں کا بے دریغ استعمال کرکے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں کو شہید کردیا گیا، چند ماہ قبل ایک مرتبہ پھر قصبہ علیگڑھ کے نہتے عوام پر 4دن تک گولیوں کی بارش کی جاتی رہی مگر پولیس ورینجرز کہیں نظر نہیں آئی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی استحصالی قوتیں مسلسل ایم کیوایم کے خاتمہ کیلئے سازشیں کررہی ہیں اور ان سازشوں کو ناکام بنانے کے لئے ہمیں آپس میں اتحاد واتفاق قائم کرنا ہوگا اور اسی طرح سے ہمارا اتحاد واتفاق قائم رہا تو وہ دن دور نہیں جب پورے ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی ہوگی اور عوام کو 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے جاگیرداروں ،وڈیروں اور سرداروں سے نجات ملے گی ۔انہوں نے کہا کہ تحریکی جدوجہد میں دشواریاں آتی رہتی ہیں جوان دشواریوں کی پرواکئے بغیر تحریکی جدوجہد میں ثابت قدمی سے اپنی جگہ پر کھڑے رہتے ہیں وہی تحریک کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہے لہٰذا ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم قائد کے دیئے ہوئے فکر وفلسفے اور نظریہ کو ہر گھر ہر فرد تک پہنچائیں اور تحریک کا پیغام عام کریں۔

## پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ کی جانب سے غلط رزلٹ جاری کرنے کا نوٹس لیا جائے ،افتخار اکبر رندھاوا
## گجرانوالہ میں احتجاجی طلباء پر پولیس کی فائرنگ اور تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لاہور۔۔۔22،اکتوبر2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ کی جانب سے غلط رزلٹ جاری کرنے پر گجرانوالہ میں احتجاج کرنے والے طلباء پر پولیس فائرنگ اور تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب بھر میں طلباء کی جانب سے غلط رزٹ جاری کرنے پر احتجاجی مظاہروں کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث ذمہ داران کا تعین کرکے سخت ترین سزادی جائے ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ میں کنسلٹنٹ بورڈ ماجد نعیم کی بدعنوانی اور رشوت خوری عروج پر ہے جبکہ ماجد نعیم نہ صرف نیب سے سزایافتہ ہے بلکہ اسے پنجاب کے اہم تعلیمی ادارے میں نوازلیگ کی سفارش پر تعینات کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ کو کرپشن، اقرباء پروری اور بدعنوانی کرکے تباہ کردیا گیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس مرتبہ طلباء کا رزلٹ بھی غلط جاری کردیا گیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ کی انتظامیہ کی جانب سے طلباء کے مستقبل سے کھیلنا پاکستان کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے اور پنجاب بورڈ نے بدعنوانی اور اقرباپروری کی مثال قائم کرکے ہزاروں طلباء کا مستقبل داؤ پر لگادیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ طلباء کی جانب سے غلط رزلٹ جاری کرنے پر احتجاج کرنا بنیادی حق ہے تاہم یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ طلباء کے احتجاج پر توجہ

دینے کے بجائے انہیں فائرنگ اور تشدد کا نشانہ بنایا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔افتخار اکبر رندھاوا نے صدر مملکت آصف علی زداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ میں کرپشن، اقرباء پروری، بدعنوانی، غلط رزلٹ جاری کرنے اور پولیس کی جانب سے گجرانوالہ میں طلباء پر فائرنگ اور تشدد کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور پنجاب کے طلباء کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کیلئے فی الفور پنجاب انٹرمیڈیٹ بورڈ سے بدعنوانی، کرپشن اور اقرباء پروری کا خاتمہ کیا جائے اور اس میں ملوث عملے اور انتظامیہ کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن گئی ہے، رابطہ کمیٹی

## نظریہ سچا ہو اور کارکنان ثابت قدم اور قائد پر اندھا اعتماد رکھتے ہوں تو وہ تحریکیں حالات کا مقابلہ کرکے اپنی منزل ضرور پاتی ہیں

## حقوق کے حصول کیلئے اٹھنے والی نظریاتی تحریکوں کو نامصائب حالات اور مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے

## کنور نوید جمیل، مصطفیٰ کمال، وسیم آفتاب اور جاوید کاظمی کا نیو کراچی، نارتھ کراچی، نارتھ ناظم آباد اور ناظم آباد میں اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔22/اکتوبر 2011ء

حقوق کے حصول کیلئے اٹھنے والی نظریاتی تحریکوں کو نامصائب اور کٹھن حالات اور مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تاہم نظریہ سچا ہو، تحریک سے وابستہ کارکنان ثابت قدم اور ان کا نظریہ پیش کرنے والے قائد پر اندھا اعتماد ہو تو وہ تحریکیں تمام تر نامصائب اور کٹھن حالات کا مقابلہ کرکے اپنی منزل ضرور حاصل کرتی ہیں، ایم کیو ایم بھی ایسی ہی نظریاتی تحریک ہے جو کراچی سے کشمیر تک غریب و متوسط عوام کے حقوق کے حصول، مسائل کے حل اور ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، مصطفیٰ کمال، وسیم آفتاب اور جاوید کاظمی نے کراچی کے سیکٹرز نیو کراچی، نارتھ کراچی، نارتھ ناظم اور ناظم آباد گلبہار میں کارکنان کے اجلاسوں سے خطاب کے دوران کیا۔اجلاسوں میں متعلقہ سیکٹرز و ذیلی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر منتخب حق پرست اراکین اسمبلی کے علاوہ ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں پائی جانے والی محرمیاں نظریہ کو جنم دیتی ہے اور یہی نظریہ عوام کے دلوں کی آواز بن کر تبدیلی کا سبب بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے نظریئے کا سفر طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او کے قیام سے شروع ہوا جو آگے چل کر مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن گیا۔انہوں نے کہا کہ حقوق کے حصول اور معاشرے میں ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے اٹھنے والی نظریاتی تحریکیں نامصائب اور کٹھن حالات و مسائل کا شکار رہتی ہیں اور انہیں اندر سے کمزور کرنے کیلئے بیرونی قوتیں نہ صرف ہر دور میں سازشوں کا جال بچھاتی رہتی ہیں بلکہ الزامات کی بوچھاڑ اور طاقت کا استعمال کرکے انہیں صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوششیں بھی جاری رکھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ نظریاتی تحریکیں جن میں شامل کارکنان اپنے قائد پر مکمل اور اندھا اعتماد رکھتے ہیں اور ثابت قدم رہ کر حالات اور مسائل کا مقابلہ کرتے ہیں وہی تحریکیں اپنی منزل ضرور حاصل کرپاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم بھی ایسی نظریاتی تحریک ہے جس کے خلاف نہ صرف شروع دن سے سازشوں کا جال بنّا گیا بلکہ الزامات اور طاقت کے ذریعے اسے صفحہ ہستی سے مٹانے کی بھرپور کوششیں کی گئیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پر الزامات لگا کر اس کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر بھول گئے ہیں کہ ایم کیو ایم ماضی میں اس قسم کے منفی پروپیگنڈے اور الزامات کا کھل کر سامنا کرتی رہی ہے بلکہ اپنے خلاف ہونے والی طاقت کے بھرپور استعمال کو بھی جھیل چکی ہے، جو نہ صرف اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم کا نظریہ سچا ہے بلکہ اس بات کی نشانی ہے کہ ایم کیو ایم کے کارکنان نظریہ پیش کرنے والے قائد جناب الطاف حسین پر بلا کا بھرپور اعتماد رکھتے ہیں۔انہوں نے نامصائب اور کٹھن حالات کا مقابلہ کرنے اور جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے کارکنان کو ان کی ثابت قدمی پر خراج تحسین پیش کیا اور کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کے خلاف جاری سازشوں سے آگاہ بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ تمام کارکنان کٹھن حالات کا مقابلہ کرنے کیلئے ایک بار پھر ذہنی و جسمانی طور پر تیار ہو جائیں اور ثابت قدم رہتے ہوئے خود کو کرپشن، انا پرستی اور دیگر معاشرتی برائیوں سے دور رکھیں۔

☆☆☆☆☆